Music By C. Ramchandra

Good

جگت پکچرز کا تیار کردہ

पहली झलक

پہلی جھلک

yeo

200

سلور جوبلی

اداکاران
وجنتی مالا۔ کشور۔ پران
شمی۔ روپا۔ اوم وغیرہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے پہلی جھلک کے

نمبر ۱

کبھی نے یہ کیوں دِل کی دُنیا بنائی
بناکر پھر اس میں محبت لبا لی
محبت نے آتے ہی کیا گل کھلائے
تڑپ کر لگا دِل یہ دینے دُہائی
کہا!
محبت نے مجھے مارا۔ میری توبہ۔ میری توبہ
دکھلائے دِن کو یہ تارا۔ میری توبہ۔ میری توبہ
یہ صورت سے تو شبنم ہے۔ مگر سیرت سے چنگاری
کبھی دشمن کو بھی نہ ہو۔ زمانے میں یہ بیماری
مرے بے موت بیچارا۔ میری توبہ۔ میری توبہ.... محبت نے...
بنا نہ جو نبے اسکا۔ بڑا مظلوم وہ دِل ہے
اشارہ ن سے کرے بسمل۔ یہ وہ معصوم قاتل ہے
یہاں شیطان بھی ہارا۔ میری توبہ۔ میری توبہ... محبت نے..

گانا نمبر ۲... قسمت کا مارا

زمیں چل رہی۔ اسماں چل رہا ہے
یہ کس کے اشارے جہاں چل رہا ہے
چلی جا رہی ہے زمانے کی نیا
نظر سے نہ دیکھا کسی نے کھیویا
نہ جانے یہ جگہ کہاں چل رہا ہے... یہ کس کے اشارے...
یہ ہنسنا یہ رونا۔ یہ آشا نراشا
سمجھ میں نہ آئے۔ یہ کیا ہے تماشا

یہ کیوں رات دن کارواں چل رہا ہے... یہ کس کے اشارے...
زمیں چل رہی... یہ کس کے اشارے

گانا نمبر ۱۔ ہمدرد جو بنتا ہے غریبوں کا زمانہ
یہ بھی ہے امیروں کیلئے ایک بہانا
بے رحم جفا کش تجھے ہمیں کمزور بنائیں
دنیا کے غریبو کہیں دھوکے میں نہ آنا
اونچی اونچی دکان پھیکا پھیکا پکوان
دیکھی دیکھی امیرو۔ تمہاری یہ شان
دیکھے یہ جھوٹے بہانے تمہارے
محنت ہماری خزانے تمہارے
تمہارے خزانوں کے ہم دربان... دیکھی دیکھی امیرو...
دنیا کی خوشیاں ہے حصہ تمہارا
ہم کیوں سسکتے یہی قسمت ہمارا
لمبی راہیں بہرے ہیں کان... دیکھی دیکھی امیرو...
جیتے رہو تم۔ مرتے رہیں ہم
خدمت تمہاری کرتے رہیں ہم
تمہاری اداؤں پہ ہم قربان... دیکھی دیکھی امیرو...

گانا نمبر ۲: کیسے بھائے سکھی رت ساون کی
پیا بھیجی نہ پتیاں آون کی
چھم چھم چھم چھم برست بدرا۔ رو رو کے نینوں سے بہہ گیو کجرا
آگ لگے ایسے ساون کو۔ جان جلائے جو برہن کی
کیسے بھائے سکھی رت.....

بھن بنسی کی سانوریا گائیے۔ گھائل من سُن کر ولت جائے
نا کے اگن انکھین میں بھڑکے۔ آس لگی پیا درشن کی
کیسے بجھائے ......

نانمبر ۱۔ نہ مارو نجریا کے بان
اکیلی آئی پنیا بھرن
تپنا کنارے آئی دُور سے چل کے
پھیر مُڑ کرو نہ جی ارے چھوڑے گو گل کے
دیکھو جی دیکھو۔ موری گگری چھلکے
ہلو جی ہلو۔ موری چنری ڈھلکے
بدھا میں پڑ گئی جان ...... اکیلی آئی ......
یا جانو نٹ کھٹ کا ننا۔ ساس نند مو سے دیوے کی طعنہ
تو ہی بتا ئیں کروں کون بہانا
چھوڑو بھی پیچھا۔ اب جانا جانا
بُرا بلوان ...... اکیلی آئی ...... نہ مارو نجریا کے بان
بک دے چپر ندا اس کو پینے کی عادت نہ ہوتی
تو آج میاں باہر۔ بیوی اندر نہ سوتی
بوتل سے پیار کیا۔ تیرا میرے یار کیا
گھر بھر میں جھگڑا۔ دن رات رگڑا
بوتل کے پینے نے ہائے مجھے مار دیا
ل سے یارو جو اُلفت نہ ہوتی ...... تو آج میاں ......
منہ سے لگی پھر ظالم نہ چھوٹے
نشام پڑے ہی بدن ٹوٹے

کسٹو ریکار

نظروں میں گھومے دکان شراب کی
ناک میں آئے خوشبو کباب کی
اس پر بڑا کی خالی ہو پاکیٹ
نظروں میں گھومے پھر بیوی کا لاکٹ
ململی کے بھاؤ جا کے بیچ آئے موتی ... تو اب میاں ...

زیور سے کپڑا ۔ کپڑے سے برتن
بوتل کے پانی میں ڈوب گیا دھن
دیا نہ سال بھر کرایہ مکان کا
چڑھ گیا سر پر قرضہ پٹھان کا
دیکھو جی ہوتے ہوتے اپنا یہ حال ہوا
بٹیا امیر کا ٹھن ٹھن گوپال ہوا
بک گئے سوٹ بوٹ رہ گئی دھوتی ... تو آج میاں ...

گانا نمبر ۷ ۔ چھوڑو جی چھوڑو کلائی ۔ او بیار کی دوہائی کوئی دیکھ لے گا
دل جو چرانا ہے تو چھپ کے چرانا
دیکھو جی دیکھو راجہ بڑا ہے زمانہ
ایسے جو آنکھ ملائی تو ہوگی رسوائی کوئی دیکھ لے گا
میں تو مگن پیا ہو گی تھی
تیرے خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی
تم نے جو آنکھ چھپائی ۔ او ہم تو گھبرائی کوئی دیکھ لے گا

گانا نمبر ۸ ۔ دیکھ کے میرا گورا مکھڑا ۔ لوگ کہیں ہائے چاند کا ٹکڑا
گھر سے نکلوں کیسے !
دیکھ کے میری زلفیں کالی ۔ لوگ کہیں ہائے ڈسنے والی

گھر سے نکلوں کیسے ؟
دیکھ کے میرے نین رسیلے ۔ لوگ کہیں ہائے بان کٹیلے
گھر سے نکلوں کیسے !
دیکھ کے گال پر کالا تِل ۔ لوگ کہیں ہائے لُٹ گیا دِل
گھر سے نکلوں کیسے !
اچھی صورت ہوئی یا مصیبت ۔ گلی میں آنا جانا بند
ایسی صورت کی پھر کیا ضرورت ۔ گلی میں آنا ۔۔۔۔
لمبی لمبی یہ انکھیاں چھپاؤں کہاں
گورے مکھڑے کو لے کر میں جاؤں کہاں
جاکر کس سے کروں میں شکایت ۔ گلی میں آنا جانا بند
اچھی صورت ۔۔۔
کیسے روکوں جی مستی بھری چال کو ؟
کاٹ دوں کیسے زلفوں کے اس جال کو ؟
ساری دنیا سے ہو گئی عداوت ۔ گلی میں آنا جانا بند
اچھی صورت ۔۔۔
جینے دیتے نہیں یہ جہاں والے ۔ جو بھی ڈالے وہ ترچھی نظر ڈالے
کیسے بدلوں میں دنیا کی عادت ۔ گلی میں آنا جانا بند
اچھی صورت ۔۔۔

گانا نمبر ۴ :۔ زمیں چل رہی آسماں چل رہا ہے یہ عمنمستکار
یہ کس کے اشارے جہاں چل رہا ہے
عجب ہے یہ محفل ۔ عجب داستاں ہے
نہ منزل ہے کوئی نہ کوئی نشاں ہے

تو پھر کس لئے کارواں چل رہا ہے ... یہ کس کے اشارے

بھٹکتے تو دیکھے ہزاروں سیانے
مگر راز قدرت کا کوئی نہ جانے

یہ سب سلسلہ بے نشاں چل رہا ہے .... یہ کس کے ....
زمیں چل رہی ...... یہ کس کے اشاروں

گانا نمبر ۱۰ یہ زمانے سے نرالا ہے میری الفت کا افسانہ
بتاتی ہے شمع لیکن نہیں آتا ہے پروانہ
یہ کیسا پیار ہے کیسی محبت کیسی چاہت ہے
طرح پاس آتی ہے کہا جاتا ہے پیمانہ
کسی دن وہ بھی دیکھیں گے اثر درد محبت کا
رہیں گے کب تلک وہ اپنے دیوانے سے بیگانا
ذرا دیکھو ذرا سمجھو اشارے دل کی دھڑکن کے
یہ ارمانوں بھرا دل ہے تمہارا ہی تو دیوانہ

ختم شد

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دُکان

تمباکو کی انڈسٹری بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے حقہ تمباکو۔ بیڑی۔ سگریٹ۔ سگار۔ بتی۔ زردہ۔ نسوار۔ مصالحہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔ قیمت صرف 12/- محصولڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں اور غیر فلمی گانے بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔ قیمت صرف 1/8/- محصولڈاک معاف

کمپونڈرز گائیڈ

کمپونڈر کے فرائض مرض کی تشخیص نسخہ دوا بنانے کی ترکیب ہدایات۔ انگریزی پیمانے مختلف انگریزی ادویات کے اصلی نسخے غرض یہ کتاب مکمل رہنمائے کمپونڈران ہے قیمت مکمل تین حصے صرف 6/- محصولڈاک معاف

مکمل مُرغی خانہ

دیہاتوں یا شہروں میں مُرغی خانہ کھولکر مُرغیوں و انڈوں سے سینکڑوں روپیہ کمانے کے راز مرغیوں کی پرورش کرنا۔ انڈوں سے بچے نکالنا مُرغیوں کے امراض اور ان کا علاج اور اس کام سے دولت کمانے کے ڈھنگ

قیمت مکمل تین حصے صرف 7/- محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(لال پرنٹنگ پریس دہلی)